


# سترہ کھلاڑیوں نےایمرجنگ ہائی پرفارمنس  کیمپ میں رپورٹ کردی

- کیمپ کے پہلے روز کھلاڑیوں کی میڈیکل اسکریننگ اور فٹنس ٹیسٹ مکمل کرلیے گئے

**لاہور، 22 جولائی 2019ء :**

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کاایمرجنگ ہائی پرفارمنس کیمپ نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں شروع ہوگیا ۔

دورہ سری لنکا اور جنوبی افریقہ کے لیے قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم میں شامل 17 کھلاڑیوں کو کیمپ میں طلب کیا گیا تھا۔

کیمپ کے پہلے روز نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے کوچز کی جانب سے نوجوان کھلاڑیوں کوڈومیسٹک ٹورنامنٹس کے ساتھ ساتھ ایشیاء کپ اور آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈ کپ کی تیاریوں پر لیکچر دئیے گئے۔ بعدازاں کیمپ میں شریک کھلاڑیوں کی میڈیکل اسکریننگ کی گئی۔ اسکریننگ میں بائیو میکینکل اور دیگر میڈیکل ٹیسٹ شامل تھے۔ پہلے روز کے اختتام پر قومی انڈر 19 کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ  بھی لیے گئے۔فٹنس ٹیسٹ کے دوران نوجوان کھلاڑیوں کے پش اپس اور اسپرنٹ ٹیسٹ لیے گئے۔

پہلے سیشن میں قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کی سری لنکا اور جنوبی افریقہ کے خلاف کارکردگی کا جائزہ بھی لیا گیا۔ پاکستان نےایک روزہ کرکٹ سیریز میں سری لنکا کو 3-2 اور جنوبی افریقہ کو 7-0 سےشکست دی تھی۔

چھ ہفتوں پر مشتمل قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم کا ہائی پرفارمنس کیمپ دو مرحلوں میں مکمل ہوگا۔ پی سی بی ریجنل اکیڈمیز میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو بھی کیمپ میں طلب کیا جاسکتا ہے۔

ایمرجنگ ہائی پرفارمنس کیمپ کے لیے  طلب کیے گئے کھلاڑیوں میں روحیل نذیر،

حیدر علی، عباس آفریدی، اختر شاہ، عامر علی، باسط علی، فہد منیر،عرفان نیازی، محمد حارث، محمد عامر، محمد وسیم، نسیم شاہ، قاسم اکرم، صائم ایوب، شیراز خان، نیاز خان اور خیام خان شامل ہیں۔

24 جولائی، بروز بدھ کو پریکٹس سیشن کی کوریج کے لیے مندرجہ ذیل شیڈول ترتیب دیا گیا ہے:

2:45 دوپہر: روحیل نذیر اور نسیم شاہ کی میڈیا ٹاک

3سے 5:30 شام: کھلاڑیوں کی نیٹ پریکٹس

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4